18022

حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم!

ایک مسئلہ کی تحقیق مطلوب ہے کہ ایک ادارہ کی رہائشی کالونی بغیر کسی فاصلہ کے ضلع اور ڈویژن شہر کی متصل آبادی میں ہے مگر اس ادارہ کے پلانٹس رہائشی کالونی سے کم وبیش ۳ سے ۴ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہیں۔

(۱) اس ادارہ کی رہائشی کالونی اور پلانٹس کی بیرونی دیوار ایک ہی ہے۔

(۲) اس ادارہ کے کچھ شعبہ جات کے دفاتر رہائشی کالونی میں بھی ہیں۔

(۳) رہائشی کالونی، اس کے شعبہ جات اور پلانٹس کی انتظامیہ اور سربراہ ایک ہی ہیں۔

(۴) ان پلانٹس اور رہائشی کالونی کے درمیان اس ادارہ کے علاوہ کسی اور کی زمین نہیں ہے، یعنی رہائشی کالونی اور پلانٹس کی زمین کا مالک ایک ہی ہے۔

(۵) نیز رہائشی کالونی تا پلانٹس تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر سکیورٹی کیلئے چوکیاں بھی قائم ہیں۔

(۶) دونوں جگہوں کا نام بھی ایک ہی ہے۔

اس تفصیل بالا کی روشنی میں یہ تحریر فرمائیں کہ پلانٹس کی مسجد میں جمعۃ المبارک کی نماز ادا کرنا درست ہے یا نہیں؟

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۲۰۲۵
جامعۃ العلوم الاسلامیہ

سائل

حفیظ اللہ ڈیروی

خطیب جامع مسجد، سی پی سی کالونی،

سخی سرور روڈ، ڈیرہ غازیخان

معرفت مولانا بلال صاحب

0333 2651313

(جواب منسلک ہے)

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامدًا ومصلیًا

سوال میں ذکر کردہ تفصیل کے مطابق چونکہ یہ پلانٹس اسی ادارہ کا حصہ ہیں اور یہ ادارہ شہر کی متصل آبادی میں ہے لہٰذا ان پلانٹس کی مسجد میں جمعہ کی نماز ادا کرنا درست ہے۔

الفتاوی الهندية – (١ / ١٤٥)

(ولأدائها شرائط في غير المصلي) . منها المصر هكذا في الكافي، والمصر في ظاهر الرواية الموضع الذي يكون فيه مفت، وقاض يقيم الحدود وينفذ الأحكام وبلغت أبنيته أبنية منى، هكذا في الظهيرية وفتاوى قاضي خان.

وفي الخلاصة وعليه الاعتماد، كذا في التتارخانية ومعنى إقامة الحدود القدرة عليها، هكذا في الغياثية.

وكما يجوز أداء الجمعة في المصر يجوز أداؤها في فناء المصر وهو الموضع المعد لمصالح المصر متصلا بالمصر ومن كان مقيما بموضع بينه وبين المصر فرجة من المزارع والمراعي نحو القلع ببخارى لا جمعة على أهل ذلك الموضع وإن كان النداء يبلغهم والغلوة والميل والأميال ليس بشيء هكذا في الخلاصة..........واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم۔

محمد اویس سیالکوٹی عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی

۹/ربیع الاول/۱۴۴۰ھ

۱۸/نومبر/۲۰۱۸ء

الجواب صحیح

دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی

۹/ربیع الاول/۱۴۴۰ھ

۱۸/نومبر/۲۰۱۸ء

الجواب صحیح

۹/۳/۱۴۴۰ھ

الجواب صحیح

بندہ محمود اشرف عفی عنہ

۹/۳/۱۴۴۰ھ

الجواب صحیح

محمد یعقوب عفا اللہ عنہ

۹/۳/۱۴۴۰ھ

مفتی

دار الافتاء

فتویٰ نمبر ۲۰۲۵/۵

۱۴۴۰/۳/۹

۲۰۱۸/۱۱/۱۹

Scanned by CamScanner